58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

جلد نمبر 58 | Friday 27th February 2026 | ۲۷ فروری ۲۰۲۶ بروز جمعۃ المبارک بمطابق ۹ رمضان ۱۴۴۷ | صفحات : 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 58 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net



| | |
|---|---|
| 9 رمضان المبارک | |
| افطار | 6:26 |
| 10 رمضان المبارک | |
| ختم سحری | 5:40 |
| افطار | 6:27 |



## کپل دیو کی وزیر اعلیٰ سے ملاقات

ہندوستان کے سابق عظیم کرکٹ کپتان اور پروفیشنل گولف ٹور آف انڈیا کے موجودہ صدر کپل دیو نے رائے پور میں وزیر اعلیٰ چھتیس گڑھ وشنو دیو سائے سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کا بنیادی مقصد ریاست میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالنا اور نوجوانوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔(تفصیلات اندر)

## نائب صدر کا طلبہ کے نام پیغام یکجہتی

## ”میرا نہیں، تمہارا نہیں...... ہمارا کشمیر“

سرینگر/ یو این آئی/ سرینگر میں کشمیر یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر ہند سی پی رادھا کرشنن نے نوجوانوں کے سامنے ایک ایسا جملہ رکھا جس نے پورے اجتماع کو خاموشی مگر گہرے تاثر میں ڈبو دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کشمیر کی اصل پہچان اتحاد، ہم آہنگی اور مشترکہ ذمہ داری میں ہے—اور یہی سوچ نئی نسل کے مستقبل کا راستہ طے کرے گی۔ نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے تقریب/ 1

## تعلیم ڈگری کے ساتھ ختم نہیں ہوسکتی بلکہ اس کا سلسلہ زندگی بھر جاری رہنا چاہئے/ LG

## ناکامیاں اکثر نئے راستوں اور نئے مواقع کے لئے دروازے کھولتی ہیں، کشمیر یونیورسٹی کنووکیشن سے خطاب

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جمعرات کو کشمیر یونیورسٹی کے فارغ التحصیل طلباء پر زور دیا کہ وہ اپنے عزائم کو قومی ترقی کے ساتھ جوڑیں اور قوم کی تعمیر کے لئے اپنا بھر پور رول ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم سے کردار، قابلیت اور عزم سے لیس ذمہ دار شہری پیدا ہونے چاہئے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے ان باتوں کا اظہار کشمیر یونیورسٹی کے 21 ویں کنووکیشن سے اپنے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا: 'یہ موقع محض ڈگریوں تفویض کرنے کا علامت نہیں ہے بلکہ نسلوں کی تبدیلی اور جدید تعلیم میں معاشرے کے عقیدے کو مضبوط کرنے کی بھی علامت ہے'۔ انہوں نے تمغہ جیتنے والوں، اسکالرز، فیکلٹی ممبران اور والدین کو اکیڈمک ایکسیلنس میں ان کے اجتماعی تعاون کے لیے مبارکباد دی۔ طالبات کی نمایاں کارکردگی کو اجاگر کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ 249 میں سے 186 گولڈ میڈل اور 164 میں سے 108 پی ایچ ڈی ڈگریاں طالبات نے حاصل کی ہیں جو سماجی تبدیلی کا عکاس ہے۔ منوج سنہا نے کہا کہ 'جب مساوی مواقع فراہم کیے جاتے ہیں، تو خواتین نہ صرف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتی ہیں بلکہ تمام شعبوں میں نئے معیارات قائم کرتے ہوئے آگے سے آگے بڑھ جاتی ہیں'۔ انہوں نے بدلتے ہوئے عالمی منظر نامے کے تناظر میں کہا کہ تیز رفتار تکنیکی ترقیات،/ 2





# طالب علم خوداعتمادی پیدا کر کے وراثت پر فخر کریں/ نائب صدر ہند

## سب سے پہلے ہمیں اپنی نوآبادیاتی ذہنیت کو ختم کرنا ہوگا، کشمیر یونیورسٹی کے 21 ویں کنووکیشن سے خطاب



سرینگر/ یو این آئی/ ہندوستان کے نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے سری نگر میں کشمیر یونیورسٹی کے 21 ویں کنووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر بھارت کو مستقبل میں عالمی سطح پر جدت، اختراع اور ترقی کی قیادت کرنی ہے تو اسے سب سے پہلے نوآبادیاتی ذہنیت کو یکسر ترک کرنا ہوگا۔ انہوں نے نوجوان طلبا کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی اصل طاقت اس کے لوگ اور ان کی تخلیقی صلاحیتیں ہیں، اور اگر یہی صلاحیت 'سوَدیشی' بنیادوں پر مستحکم ہو جائے تو کوئی بھی طاقت بھارت کو ترقی کی بلند ترین چوٹیوں تک پہنچنے سے نہیں روک سکتی۔ نائب صدر نے اپنے خطاب میں کہا کہ بھارت صدیوں تک بیرونی تسلط کا شکار رہا، جس کے اثرات آج بھی ذہنی رویّوں، تعلیمی ڈھانچے اور فیصلہ سازی میں جھلکتے ہیں۔ انہوں نے طلبا سے اپیل کی کہ وہ خوداعتمادی پیدا کریں، اپنی ماضی کی وراثت پر فخر کریں اور تحقیقات، اختراعات اور سائنسی ترقی کو ملکی ذہانت، مقامی وسائل اور قومی ضروریات کے مطابق آگے بڑھائیں۔ خطاب کے دوران انہوں نے صاف الفاظ میں کہا کہ 'ہمیں خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں، احساسِ کمتری میں مبتلا ہونے کی ضرورت نہیں، سب سے پہلے ہمیں اپنی نوآبادیاتی ذہنیت کو ختم کرنا ہوگا۔' نائب صدر نے اس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں اختراع اور اسٹارٹ اپ ماحول کو ملی تقویت کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے ملک کی سائنسی برادری، نوجوان محققین اور صنعت کاروں کے لیے جو معاون ماحول تشکیل دیا ہے، اس نے بھارت کو عالمی سطح پر 'سب سے زیادہ امکانات والی معیشت' کے طور پر ابھار دیا ہے۔ وبا کے دوران ویکسین تیار کرنے کی مثال دیتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ جب دنیا کو شبہ تھا کہ بھارت خود اپنی ویکسین بنا سکے گا یا نہیں، وزیر اعظم نے ملک کے سائنس دانوں کو چیلنج اور اعتماد دونوں دیا، ہم نے دنیا کو دکھایا کہ اختراع کسی کی جاگیر نہیں ہوتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مغربی ممالک نے اسی ویکسین کو مہنگے پیٹنٹ کے ذریعے بیچنے کی کوشش کی لیکن بھارت نے دنیا کے غریب ممالک کو بھی قابلِ رسائی قیمت پر ویکسین فراہم کی، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ بھارتی اختراع انسانی فلاح کے لیے ہے، نہ کہ/ 4

## جھیل ڈل کے نظاروں اور انقلابی تبدیلیوں سے کافی متاثر ہوا ہوں/ رادھا کرشن

## جموں و کشمیر میں امن اور خوشحالی کے ایک نئے دور کیلئے انتظامیہ قابل تحسین



سرینگر/ یو این آئی/ نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے جمعرات کو کہا کہ جموں و کشمیر میں رونما ہونے والی انقلابی تبدیلیوں اور جھیل ڈل کے حسین نظاروں نے انہیں بے حد متاثر کیا۔ نائب صدر، جو کشمیر یونیورسٹی کے 21 ویں کنووکیشن میں شرکت کے لیے گذشتہ شام سری نگر پہنچے، نے جمعرات کی صبح جھیل ڈل کی سیر کی اور اس کے دلکش قدرتی نظاروں سے محظوظ ہوئے۔ انہوں نے اپنے 'ایکس' ہینڈل پر ایک پوسٹ میں کہا: 'میں نے آج صبح سری نگر میں جھیل ڈل کی سیر کے دوران اس کے لازوال حسن، شفاف پانی اور دلکش قدرتی مناظر کا تجربہ کیا'۔ ان کا کہنا تھا: 'میں جموں و کشمیر میں رونما ہونے والی انقلابی تبدیلیوں، بشمول بہتر بنیادی ڈھانچے اور بہتر رابطہ سہولیات سے بے حد متاثر ہوا'۔ انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے نائب صدر نے/ 3

## طلبا کو دی جانے والی ہر ڈگری ان کے والدین کی بھی ہے/ وزیر اعلیٰ

## آپ کی جنت آپ کی والدہ کے قدموں تلے ہے



سرینگر/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے طلبا کو جموں و کشمیر کے معمار قرار دیتے ہوئے ان پر زور دیا کہ وہ مستقبل کا انتظار کرنے کے بجائے خود اپنے مستقبل کا تعین کریں۔ انہوں نے طلبا سے تاکید کی کہ وہ اپنے والدین کی قربانیوں کا بھی احترام کریں۔ وزیر اعلیٰ نے ان باتوں کا اظہار جمعرات کو کشمیر یونیورسٹی کے 21 ویں کنووکیشن سے اپنے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے نسیم باغ کے تاریخی کیمپس کو "حکمت کی پناہ گاہ" قرار دیتے ہوئے طلبا کی طرف مخاطب ہو کر کہا: 'آپ ان لوگوں کے جانشین بن رہے ہو جنہوں نے آزمائش کے وقتوں میں علم کے شعلے کو زندہ رکھا، آپ ان کے مشعل بردار ہیں'۔ عمر عبداللہ نے طلباء کو "روشنی" کے طور پر بیان کیا اور کہا کہ ان کی رسمی تعلیم ختم ہو رہی ہے، لیکن معاشرے کے لیے ان کی بڑی ذمہ داری شروع ہو رہی ہے۔ انہوں نے گریجویٹس سے کہا کہ وہ جموں و کشمیر کے بدلتے ہوئے سماجی و اقتصادی منظر نامے میں اپنے کردار پر غور کریں۔ وزیر اعلیٰ نے ایک جذباتی اپیل میں طلبا کے والدین اور اہل خانہ کو ان کی قربانیوں کے لیے خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے حضرت محمد (ص) کے ایک حدیث کا حوالہ دیتے ہوئے طلباء کو یاد دلایا کہ 'آپ کی جنت آپ کی والدہ کے قدموں تلے ہے'۔ ان کا کہنا تھا: 'طلبا کو دی جانے والی ہر ڈگری ان کے والدین کی بھی ہے جو سخت آزمائشوں میں اپنے بچوں کے ساتھ کھڑے/ 7

## کرونا وائرس کے دوران بھی ضمیر فروشوں کی دھوکہ بازی

## بچاو سامان کی خریداری سے متعلق فراڈ کرنے کے الزامات

سرینگر/ یو این آئی/ کرائم برانچ جموں و کشمیر کی اقتصادی جرائم ونگ (ای او ڈبلیو) نے کورونا وبا کے دوران جموں و کشمیر میں طبی سامان کی خریداری سے متعلق بڑے پیمانے پر دھوکہ دہی کے الزام میں دو افراد کے خلاف باضابطہ مقدمہ درج کیا ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ یہ مقدمہ ایک تحریری شکایت کی بنیاد پر درج کیا گیا جس میں الزام لگایا گیا کہ ملزموں، جو سری نگر کے پیر باغ اور صنعت نگر کے رہائشی ہیں، نے خود کو جموں و کشمیر وزارت اور اوایس ڈی سپلائرز کے نمائندے ظاہر کئے۔ انہوں نے کہا: 'ملزموں نے فریب دہی کے ذریعے مختلف سرکاری محکموں اور اداروں کو طبی سامان کی ادائیگیاں اُن بینک کھاتوں میں منتقل کرنے پر آمادہ کیا جو اصلی سپلائرز کے نام پر دھوکہ دہی سے کھولے گئے تھے، ملزمان نے مبینہ طور/ 6

## مستقبل میں کسی بھی تنازع کا فیصلہ کن نتیجہ سامنے آئے گا/ منوج کمار کٹیار


## پاکستان کے پاس کھلی جنگ میں بھارت کا مقابلہ کرنے کی ہمت نہیں



سرینگر/ ایس این این/ فوج مستقبل کے ہنگامی حالات کیلئے پوری طرح تیار ہے اور جوہری خطرات سے باز نہیں آئے گی کی بات کرتے ہوئے مغربی کمان کے فوجی سربراہ لیفٹننٹ جنرل منوج کمار کٹیار نے کہا کہ مستقبل میں کسی بھی تنازع کا فیصلہ کن نتیجہ سامنے آئے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپریشن سندور کے دوران پاکستان نے شدت سے جنگ بندی کی کوشش کی اور ساتھ ہی ساتھ ایٹمی دھمکیاں بھی دیں۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق مامون ملٹری اسٹیشن کے دھیان سنگھ اسٹیڈیم میں ایک تقریب کے بعد فوجیوں سے خطاب کرتے/ 5

## دہشت گردی ہر جگہ امن کے لیے زبردست خطرہ/ وزیر اعظم نریندر مودی

## اس کا مقابلہ کرنے کیلئے مستقل اور مربوط عالمی کارروائی کرنے کی ضرورت ہے



سرینگر/ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی نے Knesset سے ایک تاریخی خطاب میں غزہ امن اقدام کو پورے خطے میں ”منصفانہ اور پائیدار امن“ کے لیے ایک راستہ قرار دیا یہاں تک کہ انہوں نے اسرائیل کو یکجہتی کا ایک طاقتور پیغام دیتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ہر جگہ امن کے لیے خطرہ ہے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ اسرائیل کی طرح ہندوستان کی دہشت گردی کے لیے صفر رواداری کی مستقل اور غیر سمجھوتہ کرنے والی پالیسی ہے/ 9

## صدقہ فطر فی کس 80 روپے

## مفتی اعظم کی جانب سے اعلان

سرینگر/ اے پی آئی// مفتی اعظم نے صدقہ فطر کے سلسلے میں احکامات صادر کردیئے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں و کشمیر کے مفتی اعظم مفتی ناصر الاسلام نے 26 فروری کو اعلان کیا کہ سال 2026 کیلئے صدقہ فطر کی مقدار 80 روپے فی کس مقرر کی گئی ہے اور مسلمانوں سے اپیل کی گئی کہ وہ عیدالفطر کی نماز سے پہلے اس فریضہ کی ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ مفتی اعظم نے کہا کہ ذکواۃ الفطر ہر مسلمان پر فرض ہے، خواہاں وہ مرد ہو یا عورت، شیر خور بچہ، نابالغ بچوں کی جانب سے بھی والدین صدقہ فطر ادا کرینگے جبکہ بالغ اولاد/ 10

## چند دنوں تک گمشدگی کے بعد نوجوان طالب علم کی لاش برآمد

سرینگر/ اے پی آئی// مینڈھر پونچھ میں بیس سالہ طالب علم کی نعش پُراسرار طور پر برآمد، پولیس نے نعش کو اپنی تحویل میں لے کر لوازمات پورے کرنے کے بعد تحقیقات شروع کردی۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق مینڈھر پونچھ کے علاقے میں 24 اور 25 فروری کو طالب علم واجد علی ولد محمد ریاض اپنے رشتہ دار کانٹی کی طرف روانہ ہوا تاہم پھر دوبارہ گھر نہیں لوٹا۔ اگلے دن مذکورہ طالب علم کی نعش سنسان جگہ پر پائی گئی۔

## ترقیاتی کونسلوں کا 5 سالہ دور مکمل، تینوں درجوں کا پنچایتی نظام ختم

## جموں و کشمیر میں کل 20 ڈیولپمنٹ کونسلیں (DDCs) تھیں

سرینگر/ یو این ایس/ جموں و کشمیر میں پہلی بار 2020 میں قائم کیے گئے 20 ضلع ترقیاتی کونسلوں (ڈی ڈی ڈی سیز) کا پانچ سالہ دور مکمل ہو گیا ہے، جس کے ساتھ ہی پنچایتی نظام کی تمام تین سطحیں ختم ہو گئی ہیں۔ پہلے ہی پنچایتیں، میونسپلٹیاں ور بلاک ڈیولپمنٹ کونسلیں (بی ڈی سیز) اپنی مدت مکمل کر چکی ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق، مقامی انتخابات کے فوری امکانات نہ ہونے کے برابر ہیں کیونکہ او بی سی کمیشن کی سفارشات، جس میں او بی سی کی مخصوص نشستوں کے فیصد کا تعین کیا گیا، حکومت کے پاس گزشتہ ایک سال سے زیر التوا ہیں۔ حکام کے مطابق، ڈی ڈی سیز کے ذریعے تقریباً دو ہزار کروڑ روپے کے سرمایہ کاری منصوبے عمل میں لائے گئے، اور اب یہ دیکھنا باقی ہے کہ آیا یہ سرمایہ کاری براہ راست محکمہ دیہی ترقی کے ذریعے خرچ کی جائے گی یا نہیں، کیونکہ حکومت نے واضح کیا ہے کہ ڈی ڈی سیز کے اختیارات کسی کو منتقل نہیں کیے جائیں گے۔ یو این ایس کے مطابق جموں و کشمیر میں کل 20 ڈی ڈی سیز تھیں، جن میں ہر ڈویژن کے لیے 10 دس ضلع ترقیاتی کونسلیں شامل تھیں۔ ہر ڈی ڈی سی میں 14 ارکان منتخب کیے گئے، جن میں سے ایک کو چیئر مین اور ایک کو وائس چیئر مین منتخب کیا گیا۔ جموں میں بی جے پی چھ/ 8

## بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کو نوڈل آفیسر مقرر کرنے کا حکمنامہ موخر

## وزارت تعلیم نے اس سلسلے میں باضابطہ طور پر احکامات صادر کردیئے

سرینگر/ اے پی آئی// اہلیتی ٹیسٹ کے سلسلے میں جموں و کشمیر سرکار نے بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کو نوڈل ایجنسی مقرر کرنے کا حکم موخر کردیا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں و کشمیر حکومت نے اس سے قبل جاری کردہ اُس حکمنامے کو موخر کر دیا جس کے تحت جموں و کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کو ٹیچرس ایلیجی بلٹی ٹیسٹ کے انعقاد کیلئے نوڈل ایجنسی مقرر کیا گیا تھا۔ حکام نے 25 فروری کو اس کی تصدیق کی تھی۔ محکمہ تعلیم کی جانب سے جاری کردہ سرکاری حکمنامہ نمبر 2026 JK(EDU)87of، 26 فروری کے مطابق اس سے قبل 23 فروری 2026 کو جاری کردہ حکمنامہ 2026 JK(EDU)82of آئندہ احکامات تک معطل رکھا گیا ہے۔ یہ حکم پہلے یکم ستمبر 2025 کو سپریم کورٹ آف انڈیا کی جانب سے عرضی نمبر 1385/2025 اور متعلقہ معاملات میں سنائے گئے فیصلے بعنوان انجمن اصحاتِ تعلیم ٹرسٹ سٹیٹ آف مہارشٹرا اینڈ ادرس کے تناظر میں جاری کیا گیا تھا۔ کمشنر سیکریٹری محکمہ اسکول تعلیم رام نواز شرما کی/ 12

## بانڈی پورہ میں آگ کی لپیٹ میں آکر 17 دُکانیں خاکستر

## ایچ ایم ٹی انڈسٹریل ایریا میں ایک کاٹن پروسیسنگ فیکٹری نذر آتش

سرینگر/ یو این آئی/ وادی کشمیر کے بانڈی پورہ اور سری نگر میں جمعرات کی صبح پیش آئے دو الگ الگ آتشزدگی کے واقعات میں کروڑوں روپے مالیت کی املاک راکھ کے ڈھیر میں تبدیل ہوگئیں۔ بانڈی پورہ کے مصروف مین مارکیٹ میں صبح کے وقت نمودار ہونے والی آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے بڑے حصے کو لپیٹ میں لے لیا، جبکہ سری نگر کے ایچ ایم ٹی انڈسٹریل ایریا میں ایک کاٹن پروسیسنگ فیکٹری شدید شعلوں کی زد میں آ گئی۔ بانڈی پورہ ٹریڈ یونین کے صدر علی محمد نے بتایا کہ ابتدا میں شروع ہونے والی آگ نے محض چند منٹوں میں 15 سے 20 دکانوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جن میں سے 17 دکانوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بھیانک واقعے میں کروڑوں روپے کی املاک لمحوں میں خاکستر ہو گئی۔ علی محمد کے مطابق فائر اینڈ ایمرجنسی اہلکاروں نے بھرپور کوشش کی، تاہم جدید مشینوں کی کمی ان کی کارروائی میں رکاوٹ بنی۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی کہ متاثرین کو فوری ریلیف اور/ 11

